باب نمبر 17

# ہڈیوں کا بخار:

ہڈیوں کا بخار ایک خطرناک بیماری ہے جس میں جوڑوں میں درد اور بخار ہوتا ہے۔ یہ عموماً چھ ہفتے تک رہتی ہے لیکن چھ مہینے بھی ہوسکتی ہے (یا بہت کم اس سے بھی زیادہ) پھر جوڑوں کا درد عموماً ختم ہوجاتا ہے لیکن اگر دل کو نقصان پہنچا ہو تو وہ مستقل رہتا ہے یا معذوری کی شکل اختیار کرسکتا ہے (چھوٹا چھوٹا سانس لینا)


## وجوہات:

ہڈیوں کا بخار عموماً سٹرپٹوکوکس نامی بیکٹیریا کی وجہ سے گلے میں زخم ہونے کے بعد ہوتا ہے (ہڈیوں کا بخار الرجک ردعمل کے طرح ہوتا ہے) زکام کی علامات کے بغیر گلے میں درد اور بخار کے ساتھ اکثر اچانک گلے میں خراش شروع ہوجاتی ہے۔ ہڈیوں کا بخار ان جگہوں میں زیادہ عام ہوتا ہے جہاں گلے کی خراش کی وبا عام ہو۔ اور ایسی پرہجوم جگہیں جہاں صحت و صفائی کا خیال نہ رکھا جاتا ہو۔

## روک تھام:

اگر بچے میں گلے کی خراش کی علامات ہوں تو اس کو پنسلین دینے سے ہڈیوں کے بخار کو روکا جاسکتا ہے۔ تمام علامات ختم ہونے کے بعد کم از کم تین دنوں تک بچے کو پنسلین دیتے رہیں۔ دیرپا روک تھام کے لئے ضروری ہے کہ حفظان صحت کا خیال رکھتے ہوئے صحت وصفائی پر زیادہ زور دیا جائے۔

## مثالی نمونے کی علامات:



☆ پانچ سے پندرہ سال کی عمر کا بچہ

☆ گلے میں شدید خراش کے 3-1 ہفتے بعد شروع ہوا۔

☆ تیز بخار

☆ جوڑوں میں درد، درد اکثر ایک یا ایک سے زیادہ بڑے جوڑوں میں شروع ہوتا ہے (خصوصاً کلائیاں اور ٹخنے) پھر دوسرے جوڑوں میں منتقل ہوتا ہے اکثر گھٹنوں اور کہنیوں میں پر درد جوڑ سوجھ سکتے ہیں اور سرخ اور گرم ہوجاتے ہیں۔

☆ چھ ہفتوں سے لے کر تین مہینوں میں بچہ ٹھیک ہوجاتا ہے، لیکن دوبارہ گلا خراب ہونے کے بعد یہی بیماری ہوسکتی ہے۔

دوسری علامات (ہمیشہ موجود نہیں ہوتیں)

☆ جلد پر سرخ ٹیڑھی لکیریں

☆ جوڑوں کے اوپر یا ان کے قریب جلد کے نیچے مٹر کے دانے جتنی گلٹیاں۔

☆ گل کے مسائل، اگر آپ بچے کے سینے پر کان رکھیں تو سرگوشی کی آواز سن سکتے ہیں دل دھڑکنے کی عام آواز کی بجائے ایک اور قسم کی آواز سنائی دے گی۔ "اوش" کی آواز کا مطلب ہوتا ہے کہ دل کے ایک والو کو اس طرح نقصان پہنچا ہے کہ وہ مکمل طور پر بند نہیں ہوتا۔ انتہائی حالت میں اس کی وجہ سے دل فیل ہوسکتا ہے۔

☆ صرف چند لوگوں میں ناک سے خون، پیٹ میں درد، سینے میں درد یا نمونیا کی علامات ہوتی ہیں۔

**احتیاط:** اکثر بچوں میں عام زکام کے ساتھ گلا خراب ہوتا ہے ایسی حالت میں پنسلین، اینٹی بائیوٹک یا ٹیکوں سے اس کا علاج نہیں کرنا چاہئے۔ ایسی حالت میں گلے کی خراش کافی تکلیف دہ اور اچانک شروع ہوتی ہے اس کے ساتھ تیز بخار ہوتا ہے اور زکام کی کوئی علامت نہیں ہوتی۔

## علاج:

☆ اگر آپ کے خیال میں بچے کو ہڈیوں کا بخار ہے تو جلدی ڈاکٹر سے مشورہ کریں۔ ابتداء میں علاج سے دل کے نقصان کی روک تھام ہو سکتی ہے (بخار اور جوڑوں میں درد شروع ہونے کے بعد علاج سے بیماری کا دورانیہ کم نہیں ہوتا)

☆ دس دنوں تک منہ سے پنسلین دیں۔ یا بینزاتھین پنسلین جی کا ایک ٹیکہ یا دس دنوں تک روزانہ پروکین پنسلین کا ٹیکہ جن بچوں کو پنسلین سے الرجی ہو ان کو اریتھرومائیں دیں خوراک کی مقدار کیلئے نیچے دیکھیں۔

☆ زیادہ مقدار میں اسپرین دیں، اسپرین کھانے کے خوراک کی مقدار اور احتیاطی تدابیر کے بارے میں صفحہ 134 پر معلوماتی پڑھ دیا گیا ہے۔

☆ چند دنوں تک اسپرین کا استعمال جاری رکھیں جب تک ساری علامات ختم نہیں ہو جاتے۔

☆ درد اور سوجھن کو کم کرنے کے لئے پر درد جوڑوں پر گرم یا ٹھنڈی چیز رکھیں

☆ پُر درد جوڑوں کی حرکت کی حد ورزشیں روزانہ کریں۔

☆ قوت برقرار رکھنے کے لئے بغیر حرکت کی ورزشیں کریں

☆ تقریباً چھ ہفتوں تک بچہ چارپائی پر رہے اور مکمل آرام کرے۔ جب ساری علامات ختم ہو جائیں تو وہ اپنے کام رفتہ رفتہ شروع کر سکتا ہے۔

## ہڈیوں کے بخار کا علاج :

| دوا کا نام | عمر | مقدار | کب لینی چاہیئے |
|---|---|---|---|
| پنسلین V یا جی (منہ سے) | 3 سال تک | 150mg | دس دنوں تک دن میں چار مرتبہ |
| | 3 سال سے زیادہ (اس میں بڑے بھی شامل ہیں) | 250mg | |
| بینزاتھین پنسلین بذریعہ ٹیکہ | تین سال تک، | 600,000 یونٹ | |
| | تین سال سے زیادہ اس میں بڑے بھی شامل ہیں | 1200.000 یونٹ | ایک ٹیکہ ہر چوتڑ میں آدھا |
| پروکین پنسلین بذریعہ ٹیکہ | تین سال تک | 600,000 یونٹ | |
| | تین سال سے زیادہ اس میں بڑے بھی شامل ہیں | 1200.000 یونٹ | دس دنوں تک ہر چوتڑ میں آدھا لگائیں۔ |
| جن افراد کو پنسلین سے الرجی ہو | | | |
| اریتھرومائیسن منہ سے | تین سال تک | 125mg | |
| | تین سال سے زیادہ اس میں بڑے بھی شامل ہیں | 250mg | دس دنوں تک دن میں چار مرتبہ روزانہ |

**(نوٹ) اگر ممکن ہو تو بچوں کو منہ کے ذریعے دوا دینا ٹیکے سے زیادہ محفوظ ہے۔**

## دوبارہ حملوں کی روک تھام:

جن افراد کو ایک مرتبہ ہڈیوں کا بخار ہو جائے تو ان کو دوبارہ ہونے کا خطرہ رہتا ہے۔ ایسے افراد کے لئے گلے کے خراش کا علاج جلدی پنسلین کے ساتھ کریں۔ اگر پہلے حملے کے ساتھ دل کو نقصان پہنچے تو دوبارہ حملوں کے ساتھ مزید نقصان کا خطرہ ہے۔ ان افراد کے لئے یہ بہتر ہوگا کہ کم از کم ایک سال تک یا سترہ سال تک پنسلین کی حفاظتی خوراک لیتے

رہیں (جب گلے کی خراش کا خطرہ کم ہو جاتا ہے) جن افراد کے دلوں کو ہڈیوں کے بخار کی وجہ سے پہلے ہی زیادہ نقصان پہنچ چکا ہو تو ان کے لئے دیرپا حفاظتی اقدامات خصوصاً ضروری ہیں۔

### حفاظتی خوراک:

☆ مہینے میں ایک مرتبہ بینز اتھین پنسلین جی کا 1200,000 یونٹ کا ایک ٹیکہ

☆ یا دن میں دو مرتبہ سلفاڈائزن کی 500mg کی ایک گولی

☆ یا دن میں دو مرتبہ خالی پیٹ پوٹاشیم پنسلین V کی 250mg کی ایک گولی

☆ جن بچوں کو پنسلین سے الرجی ہو ان کو دن میں دو مرتبہ ایرتھرومائیسن کی 250mg کی ایک گولی۔

☆☆☆☆☆